Schedule

Like 1

Online Registration Schedule for Private Program of Associate Degree Arts, Science & Commerce Part-I Annual Examination 2023

پنجاب یونیورسٹی کے زیر اہتمام پرائیویٹ پروگرام برائے ایسوسی ایٹ ڈگری آرٹس، سائنس، کامرس سالانہ امتحان 2023 کے لئے آن لائن رجسٹریشن کا آغاز

رجسٹریشن شیڈول برائے ایسوسی ایٹ ڈگری آرٹس، سائنس، کامرس پارٹ I

رجسٹریشن فیس	رجسٹریشن فارم جمع کروانے کی تواریخ (آن لائن+ڈاک)
سنگل فیس -/5280 روپے	05 دسمبر 2022 تا 31 جنوری 2023
سنگل فیس+ -/1000 لیٹ فیس -/6280 روپے	01 فروری 2023 تا 28 فروری 2023
ڈبل فیس -/10560 روپے	01 مارچ 2023 تا 15 مارچ 2023

ھدایات برائے امیدواران ایسوسی ایٹ ڈگری (آرٹس، سائنس، کامرس) پارٹ I

☆ ایسے امیدواران جنہوں نے ایف اے/ایف ایس سی یا مساوی سالانہ امتحان 2022 یا اس سے پہلے پاس کیا ہو اور وہ پرائیویٹ پروگرام برائے ایسوی ایٹ ڈگری آرٹس، سائنس اور کامرس سالانہ امتحان 2023 میں پارٹ I کا امتحان دینا چاہتے ہیں اس شیڈول کے مطابق اپنا رجسٹریشن فارم بذریعہ ڈاک جمع کروائیں گے۔

☆ جن امیدواران نے ایسوسی ایٹ ڈگری آرٹس، سائنس، کامرس یا بی ایس آنرز کے لیے پنجاب یونیورسٹی یا اس کے الحاق شدہ کالج میں داخلہ لے لیا ہے یا لینا ہے وہ پرائیویٹ پروگرام ایسوسی ایٹ ڈگری آرٹس، سائنس، کامرس پارٹ I کے لیے پرائیویٹ رجسٹریشن نہ کروائیں۔

☆ پہلے سے رجسٹرڈ (پرائیویٹ یا ریگولر) امیدوار کو رجسٹریشن فارم جمع کرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ پہلے سے الاٹ شدہ رجسٹریشن نمبر ہی قابل قبول ہوگا۔ اگر رجسٹریشن کارڈ گم ہوگیا ہے تو مبلغ -/100 روپے فیس بنک میں جمع کروا کر ثنی (Duplicate) رجسٹریشن کارڈ رجسٹریشن برانچ سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

☆ <u>رجسٹریشن فارم صرف ONLINE ہی پُر ہوں گے</u>۔ ویب سائٹ پر دی گئی ہدایات کے مطابق اپنا On Line رجسٹریشن فارم مکمل کر کے اس کا پرنٹ حاصل کریں اور رجسٹریشن فارم (تصدیق شدہ) اصل بنک چالان اور تعلیمی اسناد کی مصدقہ فوٹو کاپیاں ساتھ لگا کر رجسٹریشن برانچ میں درج ذیل پتہ پر بذریعہ ڈاک مقررہ تاریخ سے پہلے پوسٹ کردیں۔

Online رجسٹریشن فارم پر کرنے کا طریقہ درج ذیل ہے۔

i. رجسٹریشن فارم پر کرنے کیلئے پنجاب یونیورسٹی کی ویب سائٹ http://registration.pu.edu.pk کھولیں۔

ii. امیدوار فارم پر کرتے ہوئے ویب سائٹ پر موجود ہدایات غور سے پڑھیں۔ آپ کے تمام ممکنہ سوالات کے جوابات وہاں موجود ہیں۔

iii. اگر کسی مرحلے پر آپ نے رجسٹریشن فارم پر کام روک دیا ہے۔ اور وہیں سے اپنا کام دوبارہ شروع کرنا چاہتے ہیں۔ تو آپ ایڈٹ رجسٹریشن (Edit Registration) میں جا کر اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر درج کریں تو آپ کا رجسٹریشن فارم دوبارہ اسی مرحلے سے کھل جائے گا۔ (یاد رہے کہ قومی شناختی کارڈ/CNIC نمبر کا درست اندراج ہونا لازمی ہے)

نوٹ: رجسٹریشن فارم ہر لحاظ سے مکمل بذریعہ ڈاک آخری تاریخ سے 3 دن کے اندر اندر رجسٹریشن برانچ میں پہنچنا ضروری ہے بصورت دیگر شیڈول کے مطابق موجودہ فیس کے ساتھ فارم وصول کیا جائیگا۔

معلومات/رہنمائی کیلئے پنجاب یونیورسٹی ویب سائٹس www.pu.edu.pk یا http://registration.pu.edu.pk دیکھیں۔

مزید معلومات کیلئے مندرجہ ذیل فون نمبرز پر بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے 042-111-00-1882 Ext.183,

<u>پتہ برائے خط وکتابت:</u> ڈپٹی رجسٹرار (جنرل) رجسٹریشن برانچ نیو بلڈنگ ایڈمن بلاک پنجاب یونیورسٹی قائداعظم کیمپس لاہور فون نمبر: 042-99231105